Social Studies (Urdu Medium) - 5th Class Social Studies Chapter 2 Short Questions

Q1. بلوچی بسری کیاہے.

Ans 1: بلوچی بسری بغیر مسالوں کے آگ پر بنائی جانے والی روتی ہے. اس کی تیاری میں گندم کا آٹا دیسی گھی، مکھن اور گڑ استعمال ہوتاہے.

Q2. وسیع پیمانے کے زرائع ابلاغ کہاں استعمال ہوتے ہیں.

Ans 1: وسیع پیمانے کے زرائع ابلاغ معلومات کو زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں.

Q3. جدید زرائع ابلاغ کے نام بتائیں.

Ans 1: جدید زرائع ابلاغ میں ٹیلی فون، ٹیلی وژن، ای میل، انٹرنیٹ ، اور موبائل فون وغیرہ شامل ہیں.

Q4. اردو زبان کا رسم الخط کون سا ہے.

Ans 1: اردو زبان کا رسم الخط عربی زبان جیساہے.

Q5. کج کسے کہتے ہیں.

Ans 1: سندھ میں ریشمی دھاگوں اور چھوٹے چھوٹے شیشوں سے کپڑوں پر کڑھائی کی جاتی ہے جسے کج کہتے ہیں.

Q6. پھیرن کیا ہے.

Ans 1: کشمیری مرد اور خواتین کڑھائی والے چوغے پہنتے ہیں. جنہیں مقامی زبان میں پھیرن کہتے ہیں.

Q7. بلوچستان میں کون کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں.

Ans 1: بلوچستان میں بلوچی، پشتو، اور براہوی زبانیں بولی جاتی ہیں.

Q8. الیکٹرانک میڈیا کے زرائع کون سے ہیں.

Ans 1: ریڈیو، ٹیلی وژن، کمپیوٹر اور موبائل فون ہیں.

Q9. پرنٹ میڈیا میں کون سے زرائع شامل ہیں.

Ans 1: پرنٹ میڈیا میں اخبارات، اور رسائل وغیرہ شامل ہیں.

Q10. قوم کا مفہوم کیا ہے.

Ans 1: قوم لاطینی زبان کے لفظ نیشو سے ماخوز ہے جس کے معنی پیدائش کے ہیں.